کوگیرا زلزلہ ریلیف میں ہندوستان کا تعاون

29 ستمبر، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

حکومت ہند نے تنزانیہ حکومت کو کوگیرا زلزلہ ریلیف کے لئے 2,50,000 امریکی ڈالر رقم کا تعاون کیا ہے۔ یہ ہندوستان کے ہائی کمشنر جناب سندیپ آریہ کے ذریعہ تنزانیہ کے صدر جناب جان پی مگپھلی کو 27 ستمبر 2016 کو دارالسلام کے اسٹیٹ ہاؤس میں سونپی گئی تھی۔ تنزانیہ کے وزیراعظم جناب قاسم مجلوا بھی تقریب کے دوران موجود تھے۔ صدر مگپھلی نے ہندوستان کے تعاون کی تعریف کی اور اسے دونوں مما لک کے درمیان بھائی چارے کے تعلقات کی عکاسی کے طور پر قبول کیا اور انہوں نے ہندوستان کا متاثرہ لوگوں کے لئے امداد میں یکجہتی اور شراکت کے لئے شکریہ ادا کیا۔

اپنے پیغام میں، جو ہائی کمشنر کے ذریعہ پڑھا گیا تھا، ہندوستان کے وزیراعظم جناب نریندر مودی نے زلزلے کی وجہ سے جانی و مالی نقصان پر حکومت ہند اور عوام کی گہری تعزیت کا اظہار کیا اور ان کی ہمدردی سے آگاہ کیا۔ تنزانیہ کے ساتھ ہندوستان کی یکجہتی کا اظہار کیا اور متاثرہ لوگوں کے خاندانوں اور دوستوں کے لئے صدمہ کو برداشت کرنے اور صبر کی دعا کی۔

نئی دہلی

29 ستمبر، 2016